تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 20 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی کوئز ٹیم اے آئی یو سینتسویں انٹر یونیورسٹی نارتھ ویسٹ زون یوتھ فیسٹول میں فاتح قرار

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو شعبہ معاشیات کے اپنے طلبا فواس کے، بی اے پروگرام کے سون ویئر سینٹر فار پیس اینڈ کنفلکٹ اسٹڈیز کے محمد فہیم کی شان دار کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہور ہا ہے جنھوں نے سینتسویں انٹر یونیورسٹی نارتھ ویسٹ یوتھ فسیٹول دو ہزار چوبیس میں چمپئن شپ خطاب جیتا ہے۔ یوتھ فیسٹول کو ایسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹیز (اے آئی یو) نے مہارشی دیا نند یونیورسٹی، روہتک میں آٹھ فروری سے تیرہ فروری دو ہزار چوبیس کو منعقد کیا تھا جس میں نارتھ ویسٹ زون کی مختلف یونیورسٹیوں کے طلبا نے شرکت کی تھی۔

جامعہ کوئز ٹیم کی شان دار کامیابی طلبا کی سخت محنت اور ان کی مخلصانہ کوشش کو بتا تا ہے۔ اس ٹیم کو نارتھ ویسٹ زون میں دوسری بہترین ادبی ٹیم بھی قرار دیا گیا۔ اب یہ پنجاب اگریکلچرل یونیورسٹی، لدھیانہ میں اٹھائیس مارچ تا یکم اپریل دو ہزار چوبیس کو منعقد ہونے والے نیشنل یوتھ فیسٹول میں نارتھ زون اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی نمائندگی کریں گے۔ یہ پانچویں مرتبہ ہوا ہے جب کوئز ٹیم نے نیشنل فائنلز کے لیے کوالیفائی کیا ہے جو ان کی متواتر محنت و کاوش اور خلوص کا ثبوت ہے۔

ٹیم مینیجر پشکر کمار دھنولیا ٹیم کے ہمراہ تھے۔ ڈین، اسٹوڈینٹس آف ویلفیئر (ڈی ایس ڈبلو) پروفیسر سیمی فرحت بصیر اور کوئز کوآرڈی نیٹر پروفیسر محمد کمالو بنی نے ٹیم کو ان کی شان دار کامیابی کے لیے مبارک باد دی ہے اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی